# دوسری رکعت میں اقتدا کرنا

## دوسری رکعت میں اقتدا کرنا

مسئلہ۷۴۸۔ اگر ماموم دوسری رکعت میں اقتدا کرے تو تین صورتیں ہوسکتی ہیں:

۱۔ چنانچہ امام کی نماز دو رکعتی ہو تو مستحب ہے کہ قنوت کا ذکر امام کے ساتھ پڑھے اور امام کے تشہد کے وقت کھڑا ہوکر نماز کو فرادی پڑھ سکتا ہے یا کھڑے ہونے کی حالت میں رک جائے ( ہاتھوں کی انگلیاں اور پاوں کے پنجے زمین پر رکھے اور گھٹنوں کو تھوڑا اٹھائے) اور جب امام سلام کہے تو کھڑا ہوجائے۔

۲۔ اگر امام کی نماز تین رکعتی ہو تو مستحب ہے کہ امام کے ساتھ قنوت اور تشہد پڑھے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ تشہد پڑھنے کے دوران نیم کھڑے ہونے کی حالت میں رک کر بیٹھ جائے اور تشہد کے بعد امام کے ساتھ کھڑے ہو کر الحمد و سورہ پڑھے اور اگر سورہ پڑھنے کا وقت نہیں تو صرف الحمد پڑھے اور امام کے ساتھ رکوع بجالائے اور دونوں سجدوں کے بعد دوسری رکعت کا تشہد پڑھے اور اس کی نماز بھی تین رکعتی ہے تو امام کے سلام پڑھنے کے دوران کھڑا ہوسکتا ہے اور باقی نماز کو فرادی پڑھ سکتا ہے یا نیم کھڑے ہونے کی حالت میں بیٹھ جائے اور امام کے سلام کہنے کے بعد کھڑا ہوجائے۔

۳۔ اگر امام کی نماز چار رکعتی ہو تو پہلی رکعت میں گذشتہ مسئلے کے مطابق عمل کرے اور دوسری رکعت میں ( جوکہ امام کی تیسری رکعت ہے) دونوں سجدوں کے بعد تشہد کی واجب مقدار کو پڑھے اور اس کے بعد کھڑ اہوجائے اور تیسری رکعت بجالائے اور چنانچہ تین دفعہ تسبیحات پڑھنے کا وقت نہ ہو تو ایک دفعہ پڑھے اور خود کو امام کے ساتھ رکوع میں پہنچائے اور باقی نماز کو بیان کئے ہوئے حکم کے مطابق جاری رکھے۔